○ **عبدالحمید خان اچکزئی۔** جناب اسپیکر سوال یہ پیدا ہوا ہے کہ مولانا غفور حیدری صاحب کے محکمے میں کیوں ناانصافی ہے یا ہورہی ہے یا کئی علاقوں کو نظرانداز کیا جارہا ہے تو آپ کی ڈیوٹی ہے کہ وہ اس کمی کو دور کریں اور اپنے محکمے کی اصلاح کریں۔ کسی علاقے کے ساتھ کسی گاؤں کے ساتھ نااصافی تو نہیں ہورہی ہے۔ یہ ان کے فرائض میں شامل ہے اور دیکھنا یہ ہے کہ وہ دیکھیں کہ ناانصافی کیوں ہورہی ہے۔ اور اس کے تدارک کے لئے وہ کیا کررہے ہیں اور اس کے لئے وہ کیا کارروائی کریں گے اور اس کے لئے ہمیں یقین دہانی چاہئے کہ وزیر بشمول وزیر اعلیٰ خود احتیاط سے کام لیں اور دیکھیں کہ کہیں ناانصافی تو نہیں ہورہی ہے تو اس کا ازالہ کیا جائے۔ ہمارا مقصد یہ نہیں ہے کہ ہم گڑ بڑ کریں یا احتجاج کریں خدا نخواستہ ہماری کوئی اور نیت ہے یا کوئی اور بات ہے مگر اس قسم کی ناانصافیوں کو پوائنٹ آؤٹ کرنا ہمارا کام ہے اس لئے پوائنٹ آؤٹ کررہے ہیں۔ اس اسمبلی میں ہمارا کام اور فرض ہے اس لئے پوائنٹ آؤٹ کررہے ہیں کہ وزرا صاحبان خدارا ذرا احتیاط سے کام لیں۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ

○ **مولانا عبدالغفور حیدری۔** جناب والا۔ ہم یہ نہیں سوچتے ہیں کہ بلوچستان کا کون سا حصہ ہے یا ایریا ہے میں تو کم از کم خود یہ سمجھتا ہوں کہ سارے بلوچستان کے حصے میں اور ایریا میں اور جن مسائل کا ہم سے واسطہ ہے وہ ہم حل کرتے ہیں برادری یا علاقے کی نسبت سے نہیں ہے۔ اور ہم نے کسی علاقے کو کسی

علاقے پر ترجیح نہیں دی ہے جہاں تک رگ مشینوں کا تعلق ہے جس نے اس کی پہلے ڈیمانڈ کی ہے اسے دیا گیا ہے۔ جو بعد میں آئے گا اسے باری سے ملے گا۔ جو بعد میں ہمارے پاس آیا ہمارے پاس میسر بھی نہ ہوئی تو کسی اور سے رگ لے کر دیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں یہ کوئی بات نہیں ہے جس کو کوئی مسئلہ نہیں ہے یا مسئلہ بنایا جائے اور اگر یہ کہیں بات ہوئی تو ہم اسے دور کریں گے۔

○ **مسٹر عبدالحمید خان اچکزئی۔** مولانا صاحب آپ کا شکریہ ہمارے بلوچستان میں بیورکریس میں خوش آمدیوں کی کمی نہیں ہے۔ مگر وہ اسے دیکھیں۔

○ **جناب اسپیکر۔** حمید خان صاحب آپ کوئی اور سوال کریں یہ بات ہوگئی ہے۔

○ **مسٹر عبدالحمید خان اچکزئی۔** جناب والا۔ میں اس سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے صوبے میں بیورکریس میں خوشامدیوں کی کمی نہیں ہے اگر وہ وزیر اعلیٰ کی مرض کو دیکھتے ہیں تو وہ اس کے مطابق رگز میشن کی تقسیم کرتے ہیں تو یہ وزیر صاحب کا کام بنتا ہے کہ وہ اس ناانصافی کو دور کریں اور خوشامد میں نہ آئیں۔ میں تو یہ کہتا ہوں کہ وزیر صاحب دیکھئے کہ سب کے ساتھ انصاف ہورہا ہے رگز کے معاملے میں بھی دیکھئے کہ انصاف ہورہا ہے یا نہیں ہورہا ہے یہ بات ہے۔

○ **(وزیر مواصلات و تعمیرات)۔** جناب اسپیکر مجھے اپنے ساتھی منسٹر پبلک ہیلتھ انجنیئرنگ سے گلہ ہے کہ پشین ڈسٹرکٹ میں تقریباً" ۱۵ اسکیمیں دی گئی ہیں لیکن ان اسکیموں میں سے میرے حلقے کو کوئی بھی اسکیم نہیں دی گئی ہے۔ تو کیا میرا حلقہ پشین ڈسٹرکٹ میں نہیں ہے؟ یا ہمیں حق نہیں صرف جمیعت علماء اسلام کے (ایم۔ پی۔ اے صاحبان کو حق حاصل ہے۔ کہ وہ اسکیمیں دیں۔ کیا ہم اس حکومت کا حصہ نہیں۔ یا اس ضلع کا حصہ نہیں جہاں پندرہ اسکیمیں دی گئی ہیں اور میرے حلقے کو ایک اسکیم نہیں ملی۔

○ **میر ہمایوں خان مری**۔جناب اسپیکر یہاں میں کہوں گا ......

○ **جناب اسپیکر**۔جناب آپ کے سوال کا جواب آگیا ہے۔

○ **میر ہمایوں خان مری**۔جناب اسپیکر اچھی بات ہے کہ منسٹر (سی۔ اینڈ۔ ڈبلیو) بھی کھڑے ہو کر اعتراض کررہے ہیں۔ میں منسٹر (سی۔ اینڈ۔ ڈبلیو) سے پوچھتا ہوں کہ اپنے علاقے کو اسکیمیں دیتے ہو باقی علاقوں کو کیوں

نظر انداز کرتے ہو لہٰذا وہ بھی اس بات کی کلیریفیکیشن کریں۔

○ **جناب اسپیکر**۔ہمایوں صاحب آپ ان کا جواب سن لیں۔

○ **ملک محمد سرور خان کاکڑ**۔جناب اسپیکر میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ جس وقت آپ وزیراعلیٰ تھے تو آپ نے کن کن علاقوں کو اسکیمیں دی تھیں اگر آپ اپنے وقت کو ہلوایجنسی کو دیتے ہیں تو کتنا اچھا ہوتا آپ نے جب اس کو کچھ نہیں دیا اور دوسروں سے گلہ کرتے ہو۔

○ **میر ہمایوں خان مری**۔جناب میں نے اپنا حلقہ صرف کوہلو ایجنسی کو نہیں سمجھا بلکہ پورے بلوچستان کو اپنا حلقہ تصور کیا۔ جناب میرا ذہن آپ کی طرح محدود نہیں۔

○ **جناب اسپیکر**۔میرہمایوں خان مری اور جناب سرور خان کاکڑ صاحب آپ دونوں تشریف رکھیں۔

○ **محمد اسلم بزنجو**۔جناب اسپیکر ہمایوں صاحب نے اپنے دور حکومت میں بلوچستان کے کل پندرہ پرائمری اسکولوں کو مڈل کرایا تھا۔ جس میں سے ڈیرہ بگٹی کے دس پرائمری اسکولوں کو مڈل کا درجہ دیا گیا۔ وہ تو اپنی دور کی بات نہیں کرتے۔

○ **میر ہمایوں خان مری**۔جناب اسپیکر منسٹر لیبر کے حوالے سے جو کچھ اس نے کیا وہ خضدار والے خود اس سے پوچھیں گے۔ میں نے اپنے دور میں جو کچھ کیا وہ on the record نہ کہ off the record۔

○ **ملک محمد سرور خان کاکڑ**۔جناب اسپیکر میں پوائنٹ آف آرڈر پر ہوں۔

○ **جناب اسپیکر**۔خان صاحب حیدری صاحب آپ کے ضمنی سوال کا جواب دے رہے ہیں لہٰذا آپ تشریف رکھیں۔

○ **مولوی عبدالغفور حیدری۔ (وزیر پبلک محکمہ ہیلتھ انجنیئرنگ)**۔ جناب اسپیکر ملک سرور خان صاحب ہمارے ساتھی ہیں۔ وہ بھی بول پڑے کہ جمعیت علماء اسلام کے ایم۔ پی۔ اے حضرات کے حلقوں میں یا میں نے اپنے حلقہ انتخاب میں اسکیمیں زیادہ دیں۔ یہاں میں ایک بات کی وضاحت کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ جب سے ہم نے اس محکمے کا چارج لیا ہے۔ تو اس وقت سے لیکر آج تک کوئی بھی مجھ پر یہ ثابت کرے۔ کہ میں نے اپنے حلقے کی کوئی جاری اسکیم ڈالی ہے؟ باقی جہاں تک علاقوں کے مسائل ہیں اور ان کی

ضروریات ہیں۔ میں بارہا عرض کرچکا ہوں کہ ہم نے ہمیشہ ترجیح ان علاقوں کو دی ہے جہاں جس چیز کی اشد ضرورت ہوتی ہے۔ میں یقین سے کہتا ہوں کہ میری اپنے حلقے میں ایک ایسا ایریا ہے جہاں میرے اپنے ووٹر بھی ہے۔ وہاں لوگ پچیس تیش میل سے پانی لاتے ہیں اور ابھی تک ان کا مسئلہ حل نہیں ہوا۔ ہم نے کسی علاقے کو کسی دوسرے علاقی پر کبھی ترجیح نہیں دی۔ جو کچھ مجھ سے بن پڑا ہے کم از کم پورے بلوچستان کے مسائل کو مدنظر رکھ کر میں نے ان علاقوں کو دوہرا بھی کیا ہے۔ جو بھی ساتھی اس قسم کا اعتزاز کرتا ہے بجا ہے لیکن کم از کم معلومات کی حد تک گزارش کروں گا کہ میں اس حد تک معلومات فراہم کرسکتا ہوں۔ میں نے اس حوالے سے کسی حلقے کو اسکیم نہیں دی کہ وہ جمعیت کا آدمی ہے یا حکومتی پارٹی سے اس کا تعلق ہی اور اس کے حلقے کو ترجیح دی ہے۔ بلکہ اس حوالے سے کہ بلوچستان ہمارا ہے ہماری دہرتی ہے ہمارا وطن ہے اور جہاں جس چیز کی اشد ضرورت ہو تو ان کے مسائل کو جلدی حل کیا جائے تاکہ ان کی پریشانی دور ہو۔

○ **وزیر مواصلات و تعمیرات**۔ جناب اسپیکر جہاں تک وزیر صاحب کے ولائل ہیں میں اس سے مطمئن نہیں ہوں۔ کیونکہ مولوی صاحبان انصاف کی بات کرتے ہیں اسلام کی بات کرتے ہیں--------

○ **جناب اسپیکر**۔ سرور خان صاحب آپ ضمنی سوال پوچھیں۔

○ **وزیر مواصلات و تعمیرات**۔ جناب اسپیکر جب تقسیم کی بات آتی ہے تو اس سال وزیر موصوف نے اپنے حلقے میں نو (۹) بورنگ لگوائے جن کے لئے انہیں رگ بھی ملا کام بھی شروع کیا اور اس کو مکمل بھی کیا یعنی اپنے حلقے میں (۹) بور لگوائیں۔ اپنے محکمے میں اپنے حلقے کے لئے کام کرتا ہے۔ تو کیا ہمارا یہاں حق نہیں بنتا ہے؟ کہ پندرہ (۱۵) اسکیموں میں ہمارے حلقے کو ایک اسکیم بھی نہیں دیا گیا اور یہ جو (اے۔ ڈی۔ پی) بنی ہے۔

○ **جناب اسپیکر**۔ جناب سرور خان کاکڑ آپ کے سوال کا جواب ہوگیا ہے۔

○ **وزیر مواصلات و تعمیرات**۔ جناب اسپیکر یہ کہا کا انصاف ہے کہ اپنے حلقے میں (۹) بور لگائیں اور ہمارے حلقے میں کچھ نہیں۔ جب ہم بات کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم انصاف سے کام کرتے ہیں۔ لہٰذا ہمیں بتایا جائے کہ انصاف کیا ہے۔

○ **جناب اسپیکر**۔ سرور خان صاحب آپ تشریف رکھے۔ اور سوال کا جواب سنیں۔

○ **وزیر مواصلات و تعمیرات**۔ جناب اسپیکر ہم یہاں اس لئے نہیں آئے کہ اپنے منہ پر تالا لگائیں اور انگوٹھا لگا کر واپس چلے جائیں ہم یہاں اپنے حلقے کی نمائندگی کرنے آئے ہیں۔ اور ان کے مسائل حل کرنے کے لئے آئے ہیں۔

○ **جناب اسپیکر**۔ سرور خان صاحب آپ اپنے حلقے کی بات ضرور کریں لیکن اسمبلی رولز کا خیال رکھیں ہر بات پر تقریر نہ کریں۔

○ **وزیر مواصلات و تعمیرات**۔ جناب اسپیکر میں یہاں بھی تقریر کروں گا اور باہر بھی کروں گا۔ جہاں حق کی بات ہے میں ضرور کہوں گا آپ ہمیں مولوی صاحبان پر سوال کرنے سے محروم کررہے ہیں۔ ہم اپنا جواب مانگتے ہیں۔ اسپیکر بجائے طرف داری سے تمام ممبران کو ایک نظر سے دیکھیں۔ اور غیر جانبدار رہیں۔

○ **جناب اسپیکر**۔ سرور خان صاحب آپ سوال کا جواب پہلے سنیں اور اس کے بعد جو بھی طریقہ کار ہوتا ہے اس کے مطابق ضمنی سوال پوچھیں۔

○ **نواب محمد اسلم خان رئیسانی**۔ جناب اسپیکر میں گزارش کرتا ہوں ایک تو یہ guestion admit ہونے میں معزز اراکین وزرا صاحب سے سوال کرتے ہیں وہ صرف تین ضمنی سوال کرسکتے ہیں۔ دوسری بات اگر کوئی معزز رکن چاہے کسی سوال پر بحث کرنا چاہے تو وہ اس کا نوٹس دے گا اور رولز کے تحت اس پر بحث ہوسکتی ہے۔ اگر اس طرح ہم نے ہر ضمنی سوال پر تقریر کی تو اس ایوان کی کاروائی کس طرح چلائی جاسکے گی۔ میری گزارش آپ سے کہ ذرا کنٹرول رکھیں۔

○ **وزیر مواصلات و تعمیرات**۔ جناب اسپیکر یہاں پر ہر ممبر کو حق حاصل ہے کہ وہ اپنے حلقے کی نمائندگی کرتے ہیں ان کی مسائل کی بات کرتے ہیں یہی تو جمہوریت ہے اور جمہوریت جکا تقاضا بھی یہی ہے۔

○ **مسٹر ارجن داس بگٹی**۔ جناب اسپیکر میں پوائنٹ آف آرڈر پر ہوں۔ پہلے تو سرور کان صاحب کی اس بات کی تائید کرتا ہوں شکر ہے کہ وہ آج حقیقت پسند ہوگئے کل تک تو وہ خود حقیقت کا گلہ کات رہے تھے۔ حقیقت میں پورے بلوچستان میں (Criteria) رکھنی چاہئے کیونکہ سارے صوبے کا حق ہے اور دوسری بات جو کہ لیبر منسٹر نکتہ اعتراض پر اٹھے اور کہا کہ ہمایوں صاحب نے اپنے دور اقتدار میں دس اسکول ڈیرہ بگٹی ایجنسی کو

دیئے۔ شکر ہے کہ آپ اس کی تنقید کررہے ہیں۔ آپ نے لیبر ڈیپارٹمنٹ کی تمام پوسٹیں اپنے عزیز و آقربا کو دیئے۔ ہم آپ کی اس تنقید پر شکریہ ادا کرتے ہیں۔

○ **میر ہمایوں خان**۔جناب اسپیکر۔ ویسے تو میں کج بحثی میں نہیں پڑنا چاہتا ہوں کیونکہ کافی کمپلیکشن (Complicatian) ہوگیا ہے۔ کیونکہ اگر ہم حزب اختلاف والے سوال کرتے ہیں تو ٹھیک ہے لیکن یہ دیکھا گیا ہے۔ کہ وزیراعلیٰ کی بات کوئی نہیں مانتا ہے۔ وہ (disappeint) ہو کر چلے گئے۔ وزرا آپ لڑ پڑے ہیں۔ یہ سمجھ میں نہیں آتا یہ کس طرح ویسے ایک انگلش پروگرام ہے (you asked for it)

○ **جناب اسپیکر**۔میر ہمایوں خان مری صاحب اس وقت سوال نمبر ۴۷ چل رہا ہے۔

○ **میر ہمایوں خان مری**۔جناب اسپیکر یہ چیز ہے کہ ہم آہستہ آہستہ (disappoint) ہورہے ہیں۔ وہ آپس میں ایک دوسرے کے گریبان پکڑ رہے ہیں۔

○ **مسٹر ارجن داس بگٹی**۔جناب اسپیکر محسوس یہ ہورہا ہے کہ ہمارے ساتھیوں میں اضافہ ہورہا ہے۔ ہم خوش آمدید کہتے ہیں سرور خان کو۔

○ **میر ہمایوں خان مری**۔جناب اسپیکر چاہئے تو یہ تھا کہ وزیراعلیٰ صاحب بات کرکے اس کو صاف کرتے لیکن وہ تو اٹھ کر چلے گئے۔

○ **حاجی محمد شاہ مردان زئی**۔ (وزیر زکوت و عشر)۔ جناب اسپیکر مولانا صاحب کا بہت اچھا انصاف ہے ہمارے حلقے کے ساتھ جمعیت علمائے اسلام کا ایک حلقہ ہے اس میں ۸۰ لاکھ ۶۴ ہزار کی اسکیمیں دی گئیں۔ اور میرے حلقے کو ایک بھی اسکیم نہیں دیا گیا اور اسی طرح بور کے بارے میں ہم نے ایم۔ پی۔ اے لنڈز سے پیسے جمع کئے اور کابینہ کا بھی فیصلہ تھا کہ ہر ایم پی اے کے حلقے میں دو بور لگائے جائے۔ لیکن ابھی تک ہمارے حلقے میں ایک بھی بور نہیں لگایا گیا۔ منسٹر صاحب اس کی وضاحت کریں کہ یہ ۸۰ لاکھ ۶۴ ہزار کی رقم کہا سے آئی۔

○ **وزیر پبلک ہیلتھ انجنیئرنگ**۔ جناب اسپیکر اس سلسلے میں مجھے مجبوراً" جواب دینا پڑتا ہے۔ ویسے منسٹر صاحبان کو معلوم ہونا چاہئے تھا۔ کہ اسکیمات کس طرح اور کیسے بنتی ہیں۔ حالانکہ یہ جو اسکیمات ہیں

یہ جاری اسکیمیں ہم سے پہلے کی ہیں۔ ہم نے ان کو نہیں بنایا یہ ہم سے پہلے کے ہیں۔ اور جو ہم نے بنانے ہیں وہ ہم سب مل کر بنائیں گے ہم نے تمام ایم پی اے کو چٹھیاں لکھی ہیں اور کابینہ کا فیصلہ بھی ہے لیکن میں نہیں سمجھتا کہ وہ اس کو پڑھتے کیوں نہیں۔ کہ یہ جاری اسکیمیں ہیں۔

○ **جعفرخان مندوخیل۔ (وزیر تعلیم)۔** (پوائنٹ آف آرڈر) جناب اسپیکر جاری اسکیمیں بھی ان کو صرف جمعیت علمائے اسلام کی اسکیمیں نظر آتی ہیں جاری اسکیمیں بھی اتنی ہیں کہ آئندہ پچاس سال ہمارا پورا بجٹ لگائیں پھر بھی جاری اسکیمیں ختم نہیں ہوتیں۔ میرے اپنے حلقے میں بھی صرف جمعیت علمائے اسلام والوں کو ملا ہے۔

○ **وزیر پبلک ہیلتھ انجنیئرنگ۔**جناب اسپیکر اس میں نہ جمعیت کا ہاتھ ہے اور نہ جمعیت کا کردار صوبائی کابینہ میں سارے بیٹھے ہوئے تھے اسکیمات کی انہوں نے خود جانچ پڑتال کی ہے۔ صوبائی کابینہ نے کمیٹی تشکیل دی اور اس کمیٹی کی روشنی میں اسکیمات کاٹی گئیں انور اس میں بھی ہم نے اعتراض کیا میرے محکمے میں تقریباً ۵۰ کے قریب اسکیمات کاٹی گئیں اس میں میرا کوئی بندہ نہیں اس میں نواب اسلم صاحب کی قیادت اس میں پشتونخواہ کے تھے اور دوسری پارٹیوں کے بھی تھے سارا کچھ انہی کے فیصلے پر ہوا نہ جانے اس کو جمعیت پر کیوں ڈالا جارہ ہے کم از کم ان کو معلوم ہونا چاہئے کہ اسکیمات کس طرح بنتی ہیں بغیر مطالعہ اعتراض شروع کردیتے ہیں۔

○ **جعفر مندوخیل۔ (وزیر تعلیم)۔** (پوائنٹ آف آرڈر) جناب ہم کو پتہ ہے کہ اسکیمات کس طرح بنتی ہیں کون بناتا ہے کون سے سیکشن سے ہی ڈیل ہوتا ہے لیکن افسوس اس بات پر ہے کہ اسکیمات میں جب آپ لوگوں فائنل سلیکشن کے لئے صرف اور صرف جمعیت علماء آتی ہے اس پر ہماری بھی حوصلہ شکنی ہوتی ہے اور ناانصافی ہوتی ہے اور آپ ژوب ڈسٹرکٹ کو دیکھ سکتے ہیں کہ موجودہ اے ڈی پی میں کیا پوزیشن ہے اور ہم لوگوں نے جہاں تک تقسیم کیا ہے اور انشاء اللہ آپ کے سامنے آجائے گا ہم نی کسی ڈسٹرکٹ کے ساتھ اس طرح کی ناانصافی نہیں کی ہے ہر ڈسٹرکٹ کو اپنا حصہ اور کوٹہ دیا ہوا ہے۔

○ **مولانا عبدالغفور حیدری - (وزیر پبلک ہیلتھ انجنیئرنگ)۔**جناب اسپیکر صاحب گزارش یہ ہے کہ جیسے میرے ساتھی فرما رہے ہیں جس طرح انہوں نے تقسیم کیا ہے وہی تقسیم ہم نے کیا ہے آیا ہم نے

ان سے مطالبہ کیا ہے کہ آپ ہمیں اپنی اسکیمات دیدیں اب اگر جو نئی اے ڈی پی کے لئے جو اسکیمات دے رہی ہیں اس میں ہماری اسکیمات ہیں آپ کے نہیں ہے پھر اعتراض کرتے جو ان گوئنگ اسکیمات تھیں وہ ہمارے ہاتھ کے نہیں ہے پہلے سے جاری ہیں۔

(مداخلت)

○ **سردار سنت سنگھ**۔جناب اسپیکر صاحب میں وزیر زکواۃ اور وزیر تعلیم کی حمایت کرتا ہوں۔

○ **میرجان محمد جمالی - (وزیر ایس اینڈ جی اے ڈی)**۔ (پوائنٹ آف آرڈر) جناب اسپیکر صاحب میں آپ کے نوٹس میں رول ۳۳ لانا چاہتا ہوں کہ آگے بھی سوالات رہتے ہیں پہلا گھنٹہ ہوتا ہے سوالات کے لئے تاکہ اور آگے سوالات چلیں۔

○ **مسٹر ارجن داس بگٹی**۔جناب اسپیکر صاحب پوائنٹ آف آرڈر گزارش یہ ہے کہ وزیر ایس اینڈ جی اے ڈی کو شاید یہ بات بری لگ رہی ہے بھئی انہیں بولنے دیں ان کا حق ہے کل عوام کو جواب دینا ہے کیوں آپ بات یہ کرتے ہیں۔

○ **جناب اسپیکر**۔اگلا سوال نمبر ۳۷۳ ظہور حسین کھوسو صاحب کا ہے۔

○ **ارجن داس بگٹی**۔ جناب اگر آپ چاہتے ہیں تو ہم سارے سوالات with draw کرلیتے ہیں۔ جناب پریس میں آجائے گا کہ وزرا کرام وہ حقیقت بیان کرتے ہیں اور نہ سن سکتے ہیں اور نہ بول سکتے ہیں۔

○ **جناب اسپیکر**۔ اگلا سوال

☆ ۳۷۳ **میر ظہور حسین کھوسہ**۔کیا وزیر پبلک ہیلتھ انجنیئرنگ ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ محکمہ پبلک ہیلتھ انجنیئرنگ کا قیام کب عمل میں لایا گیا ہے نیز محکمہ پبلک ہیلتھ انجنیئرنگ نے ضلع جعفرآباد مین اپنے قیام سے اب تک کل کتنی واٹر سپلائی اسکیمات مکمل کئے ہیں اور کتنی نامکمل حالت میں ہیں ہر ایک اسکیم (مکمل و زیر تکمیل) کا نام اور لاگت تخمینہ کی تفصیلات آگاہ فرمائیں؟

○ **وزیر پبلک ہیلتھ انجنیئرنگ**۔(الف) محکمہ پبلک ہیلتھ انجنیئرنگ مورخہ یکم جولائی ۱۹۸۷ء میں معرض

وجود میں آیا ہے۔

(ب) محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ نے ضلع جعفرآباد میں اپنے قیام سے اب تک چار منصوبہ جات مکمل کئے ہیں جن سے لوگوں کو پانی مل رہا ہے۔ جب چار منصوبہ جات مکمل ہیں مگر بجلی کا کنکیشن نہ ملنے کی وجہ سے لوگوں تک پانی مہیا نہیں کیا جاسکا اور ایک منصوبہ اضافی رقم نہ ملنے کی وجہ سے نامکمل ہے۔

(د) منصوبہ جات زیر تکمیل ہیں۔

مکمل اور زیر تکمیل منصوبہ جات کے نام اور تخمینہ لاگت کی تفصیل مندرجہ ذیل ہیں۔

نمبرشار	نام منصوبہ	تخمینہ لاگت	کیفیت
۱	توسیع منصوبہ اوستہ محمد	بیس لاکھ روپے	یہ منصوبہ مکمل ہے اور کام کررہا ہے
۲	زیج اروگرد منصوبہ آب رسانی اوستہ محمد	انیس لاکھ چونسٹھ ہزار روپے	یہ منصوبہ مکمل ہے اور کام کررہا ہے
۳	توسیع منصوبہ روجھان جمالی	نو لاکھ روپے	یہ منصوبہ مکمل ہے اور لوگوں کو پینے کا صاف پانی مہیا کیا جارہا ہے
۴	توسیع منصوبہ ڈیرہ اللہ یار	سینتس لاکھ چھتیس لاکھ	یہ منصوبہ مکمل ہے اور عوام کو پینے کا پانی مل رہا ہے۔

۱	منصوبہ پنہوڑ سنہری	چودہ لاکھ چھیاسی ہزار روپے	یہ اسکیم مکمل ہے لیکن واپڈا کی طرف سے بجلی مہیا نہیں کی گئی۔
۲	منصوبہ خیرپور	تیس لاکھ چونسٹھ ہزار روپے	یہ اسکیم مکمل ہے لیکن واپڈا کی طرف سے بجلی مہیا نہیں کی گئی۔
۳	منصوبہ رستم خان جمالی	اکیس لاکھ پچاس ہزار روپے	یہ اسکیم مکمل ہے لیکن واپڈا کی طرف سے بجلی مہیا نہیں کی گئی۔
۴	منصوبہ علی آباد جمالی	دس لاکھ روپے	یہ اسکیم مکمل ہے لیکن واپڈا کی طرف سے بجلی مہیا نہیں کی گئی۔
۵	منصوبہ جیاء خان کھوسہ	ستیس لاکھ تیس ہزار روپے	یہ ایم پی اے (M P A) فنڈ سے سال ۸۹ - ۱۹۸۸ء

کو مکمل ہونی تھی مگر فنڈ کی کمی کی وجہ سے مکمل نہیں ہو سکی مبلغ چھ لاکھ بائیس ہزار روپے ملنے پر یہ منصوبہ مکمل ہو سکے گا۔

○ زیر تکمیل منصوبہ جات

۱ منصوبہ آب رسانی جمعہ خان کھوسہ چھبیس لاکھ اکسٹھ ہزار روپے یہ منصوبہ زیر تکمیل ہے۔ اضافی رقم مبلغ پانچ لاکھ بیس ہزار روپے ملنے پر یہ منصوبہ رواں مالی سال میں مکمل کیا جائے گا۔

۲ توسیع منصوبہ آب رسانی صحبت پور چھ لاکھ بیس ہزار روپے اس منصوبہ پر کام جاری ہے اور رواں مالی سال میں مکمل کیا جائے گا۔

۳ منصوبہ آب رسانی سکندر خان کھوسہ چوبیس لاکھ انسٹھ ہزار روپے اس منصوبہ پر کام جاری ہے اور رواں مالی سال میں مکمل کیا جائے گا۔

۴ منصوبہ آب رسانی علی آباد اور مولوی قادر بخش بیس لاکھ بتیس ہزار روپے اس منصوبہ پر کام جاری ہے
اور رواں مالی سال میں مکمل کیا جائے گا۔

۵ منصوبہ آب رسانی ملکار چھبیس لاکھ بتیس ہزار روپے اس منصوبہ پر کام جاری ہے
اور رواں مالی سال میں مکمل کیا جائے گا۔

۶ منصوبہ آب رسانی گوٹھ اکبرخان کھوسہ ستر لاکھ ستاٹھ ہزار روپے اس منصوبہ پر کام جاری ہے
اور رواں مالی سال میں مکمل کیا جائے گا۔

۷ آب رسانی منصوبہ گنداخہ اور گوٹھ غلام محمد جمالی ستیس لاکھ اڑتالیس ہزار روپے اس منصوبہ پر کام جاری ہے
اور رواں مالی سال میں مکمل کیا جائے گا۔

☆ ۴۳۴ **مسٹر منشی محمد**۔کیا وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ (بایاڈ BIAD) کے تعاون سے بلوچستان کی کون کون سی تحصیل' اضلاع میں آب نوشی کی کتنی اسکیمات منظور کی گئی ہیں۔ ان میں کتنی اسکیمات پر کام ہورہا ہے۔ مکمل تفصیل دی جائے؟

○ **وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ**۔بایاڈ پروجیکٹ جو مختلف ڈونر ممالک کے تعاون سے وجود میں آیا اس میں چار فیز تھے پہلے فیز میں مندرجہ ذیل اضلاع میں اسکیمات بنائی گئی۔

○ فیز I اسکیمات جو مکمل کی گئی

۱۔ گوٹھ اللہ ڈنہ رند
۲۔ گوٹھ گوہر خان
۳۔ گوٹھ عبدالرشید
۴۔ گوٹھ مراد علی
۵۔ گوٹھ کنڈری
۶۔ گوٹھ احمد آباد

ب، ضلع قلات

۱- کاریز ناتھ
۲- مستونگ روڈ
۳- وورنگز
۴- کوھک
۵- عمر ڈھور
۶- توبہ

ج، ضلع لورالائی

۱- اوریاگئی
۲- ورگئی شوزئی
۳- ورگئی کوپڑے زئی
۴- ڈیکا قاسانی
۵- راڈ کن
۶- دکی کلی

د، ضلع گوادر

۱- حب کمتی
۲- کنز
۳- گبد

○ **فیز II-** فیز II کی اسکیمات کے لئے رقوم EEC ممالک نے گرانٹ کی صورت میں دی ہیں اس کے لئے EEC نے ہی کنسلٹنٹ چنے ہیں ان میں II اسکیمات کے ڈیزائن کا کام جاری ہے۔

ا، ضلع پشین

۱- حاجی زئی

۲- نیلی
۳- سمیہ زئی علی زئی
۴- محمان
۵- مرغہ زکریا زئی
۶- سیکی

ب، ضلع کچھی

۱- کوٹیڑا
۲- گوٹھ چوٹائی
۳- شکاف
۴- گوٹھ نگاری
۵- فیری برایمانی
۶- سیرباغ

ج، ضلع بیلہ

۱- گوٹھ اسمعیلانی
۲- گوٹھ موسیانی
۳- گدور
۴- شیخ منگیاں
۵- گوٹھ رضا خمہ
۶- گوٹھ چھوٹا میر

د، ضلع تربت/ قلعہ سیف اللہ- ضلع تربت کی مجوزہ اسکیمات بذریعہ محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ مکمل کی گئی ہیں- بقایا اسکیمات کے لئے وہاں کے باشندوں کے عدم تعاون کی وجہ سے منصوبہ سے نکال دیئے

گئے ہیں۔ اس کی بجائے ضلع قلعہ سیف اللہ لیا گیا ہے۔ جس پر ابھی تک کام شروع نہیں ہو سکا ہے۔

○ **وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ**۔یہ سوال کافی لمبا ہے اگر اس کو پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

○ **مسٹر ارجن داس بگٹی**۔جناب آج ہم آپ کے احترام کی موڈ میں ہیں کل ہمیں گولڈ میڈل دیا گیا تھا۔

○ **جناب اسپیکر**۔اگلا سوال

○ **مسٹر ارجن داس بگٹی**۔سوال نمبر ۴۳۴ جواب کافی لمبا ہے حضرت صاحب کی مبارک اجازت سے اگر وہ کہیں کیونکہ عوامی استفادے کی ایک بات آتی ہے ضمنی سوال کیونکہ اپوزیشن چیمبر میں ہمارا ان کہ ساتھ وعدہ ہوا تھا کہ آج آپ کو تکلیف نہیں دے گے ضمنی سوال کے لئے اجازت ہو تو جناب اسپیکر صاحب ضمنی سوال یہ ہے کہ مستونگ روڈ یہ باباؤ کے تعاون سے بلوچستان کے اضلاع میں اور بلوچستان کی تحصیل وائز آبنوشی کی اسکیمات کے بارے میں سوال ہے پہلے فیز میں مندرجہ ذیل اضلاع میں اسکیمات بنائی گئی تو جناب اسپیکر صاحب مستونگ روڈ کے بارے میں میں وزیر متعلقہ سے یہ دریافت کرنا چاہوں گا کہ یہ اسکیم آپ نے کب سے شروع کی ہے اور اس کے نتائج کیا برآمد ہوئے کتنا خرچہ ہوا تین جز ہے میرے ضمنی سوال کے اگر آپ کے پاس کچھ معلومات ہوں تو کسی Chit وغیرہ کا انتظار نہ کرنا۔

○ **نواب محمد اسلم رئیسانی** ۔ (وزیر خزانہ)۔اگر آپ اجازت دیں تو میں اس سلسلے میں کیونکہ یہ میرے حلقے میں ہے۔ جناب اسپیکر صاحب یہ واٹر سپلائی اسکیم انہوں نے تیار کی تھی لیکن جو بور انہوں نے لگایا تھا وہ بور کے جو سکریز ہیں وہ چوک Sarcrs Choke ہوگئے تھے تو اس سال ایک اور بور اسی واٹر سپلائی اسکیم کے لئے سین کیا گیا ہے اور وہ بور کامیاب ہے اور اس کو اس سال اے ڈی پی میں شامل کیا گیا ہے اور پیسے بھی آہستہ آہستہ ریلیز ہو رہے ہیں اور انشاء اللہ و تعالیٰ یہ بور جلد کمپلیٹ ہوجائے گا صرف بور کو اوور ٹینک کنکٹ کرنا ہے باقی جو پلانٹ کا کام ہے سارا کمپلیٹ ہے۔

○ **مسٹر ارجن داس بگٹی**۔جناب اسپیکر صاحب میرا سوال تو متعلقہ وزیر سے تھا جناب یہ تو مجھے بڑی خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ محکمہ حضرت صاحب کا تھا اور جواب نواب صاحب نے دیا ان کی معلومات کی ہم قدر کرتے ہیں لیکن ایک گزارش ہے کہ وہ بور پہلے ہوا تھا وہ ناکام ہوا پھر دوسرا بور کیسے کامیاب ہوا۔

○ وزیر خزانہ -جناب سے میں نے گزارش کی کہ وہ بور کہ جو سکریز ہے وہ چوک ہوئے اور اس کو صاف کرنے کی کوشش کی گئی لیکن وہ صاف کرنے کے بعد بھی Chok چوک ہوتا تھا وہاں جناب اسپیکر وہاں ریت وغیرہ زیادہ ہے اس لئے وہ چوک ہوا کرتا تھا اس لئے مجبوراً دوسرا بور سین کرنا پڑا۔

○ مسٹر ارجن داس بگٹی -جناب میں یہی گزارش کررہا تھا کہ جو Scres Choke سکریز چوک ہوئے ہیں آیا کیا سروے اور اریشل سٹیجز میں باباؤ کے پاس کوئی ایسی مشنری نہیں ہے آپ کو علم ہونا چاہئے جناب اسپیکر صاحب آپ کے مبارک حوالے سے کیونکہ مستونگ روڈ میں میرے اپنے ووٹرز ہیں ایک ایک گلاس پانی کے لئے ترس رہے ہیں جناب تقریباً" تیس لاکھ روپے گورنمنٹ آف بلوچستان کا ضائع کیا وہ بھی باباؤ کی ہی تھرو نواب صاحب آپ اس بات کی تائند کریں گے مجھے علم ہے کہ آپ کا حلقہ انتخاب ہے۔

○ وزیر خزانہ - میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ باباؤ نے کم از کم میرے حلقے میں دو واٹر سپلائی اسکیم باباؤ کے جو بورنگ لگائے وہ دونوں ناکام ہوئے یہ میں آپ کی تائید کرتا ہوں یہ مہاراج ارجن داس صاحب سے میں گزارش کرتا ہوں کہ مجھے شٹ مت کریں وہ بیٹھ جائیں۔

○ جناب اسپیکر -اگلا سوال نمبر ۴۳۵ خشی محمد صاحب۔

مسٹر ارجن داس بگٹی -سوال نمبر ۴۳۵ تو اس کا میرے خیال میں حضرت صاحب سے گزارش کریں گے کہ یہ پڑھ کر سنائیں کیونکہ گاڑیوں کا نام مختلف ہیں گلف کار ہیں پڑھنے میں نہیں آرہا ہے ذرا سمجھ میں آجائے تو یہ ذرا پڑھ کر سنائیں۔

○ مسٹر سعید احمد ہاشمی -جناب اسپیکر صاحب ایک گھنٹہ گزر گیا میرے خیال مین اگر اسے نمٹانا چاہتے ہیں تو پھر پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ- کہیں آپ لینڈ کروزر کا نام سنیں گے اور کہین ٹویوٹا کار کا سنیں گے اب یہ ساری چیزیں آپ کے سامنے ہیں۔

○ مسٹر ارجن داس بگٹی -جناب اسپیکر صاحب ہاشمی صاحب کی درخواست پر اس کو پڑھا ہوا تصور کرتے ہیں سوال نمبر ۳۹۴ حضرت صاحب آپ کی باری ختم ہوگئی اب ہمارے دوسرے حضرت صاحب جواب دیں گے

یہ ۳۹۴ ہے اس کو میرے خیال میں پڑھا ہوا تصور کریں۔

○ مولانا عبدالباری۔عبدالکریم صاحب کہاں ہیں۔

○ مسٹر ارجن داس بگٹی۔جی عبدالکریم صاحب کہاں ہیں وہ میرے ساتھی ہیں وہ میرے خیال میں ضروری کام کے سلسلے میں آج نہیں آسکے ہیں۔

سوال نمبر۴۳۵

☆ ۴۳۵ مسٹر منشی محمد۔کیا وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ اس وقت (BIAD) بایاڈ میں کتنی گاڑیاں ہیں ان پر کل کس قدر ایندھن خرچ ہورہا ہے نیز کون کون سی گاڑی کس مقصد کے لئے استعمال ہوتی ہے تفصیل سے آگاہ کریں۔

○ وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ

ا۔زیر استعمال گاڑیوں کی تعداد ۲۴ (چھوٹی گاڑیاں واٹر ٹینکر ٹرک کرین)

ب۔ناقابل استعمال گاڑیاں (ان کی تفصیل برائے نیلامی یونیسف کو بھیج دی گئی ہے کیوں کہ بایاڈ کی تمام گاڑیاں یونیسف کی ملکیت ہیں۔ ۲۰۔

ج۔زیر مرمت گاڑیاں ۱۵ (چھوٹی گاڑیاں ٹرک واٹر ٹینک وغیرہ

ٹوٹل گاڑیوں کی تعداد 59

زیر استعمال گاڑیوں کی تفصیل۔

گاڑی بمعہ نمبر رجسٹریشن	زیر استعمال	ماہوار خرچہ تیل انتاعد
۱۔ لینڈ کروزر ۴۳۰۱۔ ۶۷۔ x	ڈائریکٹر جنرل بیاڈ	دوہزار روپے
۲۔ ٹویوٹا کار ۴۴۶۳۔ ۶۷۔ x	ڈائریکٹر جنرل بیاڈ	دوہزار روپے
۳۔ لینڈ کروزر ۴۳۰۰۔ ۶۷۔ x	ڈائریکٹر پی ایچ ای بیاڈ	دوہزار روپے
۴۔ لینڈ کروزر ۴۳۵۰۔ ۶۷۔ x	ڈائریکٹر (ایڈمن) بیاڈ	دوہزار روپے
۵۔ گلف کار ۴۲۷۳۔ ۶۷۔ x	ڈائریکٹر (ایڈمن) بیاڈ	دوہزار روپے

۶۔ لینڈکروزر ۴۳۵۱۔ ۶۷۔ x	ڈائریکٹر۔ سی ڈی	دوہزار روپے
۷۔ لینڈکروزر ۴۳۰۴۔ ۶۷۔ x	چیف ٹرانسپورٹ آفیسر	دوہزار روپے
۸۔ لینڈکروزر ۴۰۳۰۔ ۶۷۔ x	ٹرانسپورٹ اینڈ ٹیکنیکل آفیسر	دوہزار روپے
۹۔ لینڈکروزر ۴۳۹۹۔ ۶۷۔ x	ڈائریکٹر ایم اینڈ ای	دوہزار روپے
۱۰۔ سوزوکی جیپ ۳۹۴۱۔ ۶۷۔ x	انجینئر پی ایچ ای	دوہزار روپے
۱۱۔ لینڈاوور ۴۳۱۶۔ ۶۷۔ x	انجینئر پی ایچ ای	دوہزار روپے
۱۲۔ لینڈاوور ۴۲۰۸۔ ۶۷۔ x	انجینئر پی ایچ ای	دوہزار روپے
۱۳۔ لینڈاوور ۴۳۹۵۔ ۶۷۔ x	سب انجینئر گراؤنڈ واٹر	دوہزار روپے
۱۴۔ لینڈاوور ۴۳۹۱۔ ۶۷۔ x	جنرل فورمین ٹی۔ ایم۔ او	دوہزار روپے
۱۵۔ لینڈاوور ۴۴۲۴۔ ۶۷۔ x	ڈائریکٹر گراؤنڈ واٹر	دوہزار روپے
۱۶۔ لینڈاوور ۴۲۹۸۔ ۶۷۔ x	وزیر پی ایچ ای ڈی	دوہزار روپے

پر محکمہ ہذا ٹھیکیدار کے خلاف اس کے ساتھ طے شدہ شرائط کے مطابق کاروائی کرنے کا مجاز ہے۔

☆ ۴۵۰ مسٹر منشی محمد۔کیا وزیر خوراک ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ (الف) کیا یہ درست ہے کہ صوبہ کے کئی اضلاع کو ۱۲ نومبر ۱۹۹۰ء سے گندم کی سپلائی کم کردی گئی ہے؟

(ب) اگر جزو (الف) کا جواب اثبات مین ہے تو اس کی تفصیل اور وجوہات سے آگاہ کریں۔

○ مولانا عبدالباری۔ (وزیر خوراک)۔ نہیں۔ اس کے برعکس محکمہ خوراک نے جزوی راشن بندی کے خاتمہ کے بعد ڈپٹی کمشنر صاحبان کی منظوری اور مشورے سے مختلف اضلاع میں کوٹہ بڑھایا فہرست حسب ذیل ہے۔ محکمہ ہذا کی پالیسی کے مطابق کوشش کی جاتی ہے۔ کہ ہر مرکز خوراک میں کم از کم تین ماہ کا راشن عوام کی سہولت کے لئے موجود رہے جب کبھی کسی مرکز میں کمی پائی جاتی ہے۔ تو وہاں ترجیحی بنیاد پر گندم کی سپلائی بھجوائی جاتی ہے۔

گوشوارہ بابت مد تقسیم برائے بلوچستان

نمبر شمار	نام مرکز خوراک	مقدار گندم از راشنگ	مقدار حد بعد از راشنگ
۱۔	کوئٹہ	۶۸۶۳ میٹرک ٹن	۱۸۵۷۳ میٹرک ٹن
۲۔	پشین	۱۸۰۵ میٹرک ٹن	۱۳۰۶ میٹرک ٹن
۳۔	چمن	۱۳۰۶ میٹرک ٹن	۲۲۳۹ میٹرک ٹن
۴۔	ژوب	۳۹۷ میٹرک ٹن	۲۷۹۷ میٹرک ٹن
۵۔	مسلم باغ	۳۹۳ میٹرک ٹن	۳۹۳ میٹرک ٹن
۶۔	لورالائی	۱۰۱۰ میٹرک ٹن	۲۳۶۰ میٹرک ٹن
۷۔	دکی	۱۸۰ میٹرک ٹن	۱۸۰ میٹرک ٹن
۸۔	بارکھان	۱۶۳ میٹرک ٹن	۱۶۳ میٹرک ٹن
۹۔	موسیٰ خیل	۱۴۰ میٹرک ٹن	۱۴۰ میٹرک ٹن
۱۰۔	نوشکی	۳۳۵ میٹرک ٹن	۳۳۵ میٹرک ٹن
۱۱۔	دالبندین	۳۰۹ میٹرک ٹن	۳۰۹ میٹرک ٹن
۱۲۔	سبی	۶۵۳ میٹرک ٹن	۱۵۵۳ میٹرک ٹن
۱۳۔	ہرنائی	۲۰۰ میٹرک ٹن	۲۰۰ میٹرک ٹن
۱۴۔	مچھ	۱۸۰ میٹرک ٹن	۱۸۰ میٹرک ٹن
۱۵۔	ڈھاڈر	۲۰۰ میٹرک ٹن	۲۰۰ میٹرک ٹن
۱۶۔	بیل پٹ	۶۷۳ میٹرک ٹن	۶۷۳ میٹرک ٹن
۱۷۔	اوستہ محمد	۲۰۰ میٹرک ٹن	۲۲۰ میٹرک ٹن
۱۸۔	کوہلو	۲۵۰ میٹرک ٹن	۲۵۰ میٹرک ٹن
۱۹۔	میوند	۶۰ میٹرک ٹن	۶۰ میٹرک ٹن
۲۰۔	ڈیرہ بگٹی	۵۵۰ میٹرک ٹن	۵۵۰ میٹرک ٹن
۲۱۔	جھٹ پٹ	۱۵۰ میٹرک ٹن	۱۵۰ میٹرک ٹن
۲۲۔	کاہان	۱۰۰ میٹرک ٹن	۱۰۰ میٹرک ٹن
۲۳۔	قلات	۲۷۵ میٹرک ٹن	۲۷۵ میٹرک ٹن

۲۴-	سوراب	۳۶۰ میٹرک ٹن	۳۶۰ میٹرک ٹن
۲۵-	مستونگ	۷۰۰ میٹرک ٹن	۷۰۰ میٹرک ٹن
۲۶-	خضدار	۲۴۹۹ میٹرک ٹن	۴۹۹ میٹرک ٹن
۲۷-	آواران	۱۵۲ میٹرک ٹن	۱۵۲ میٹرک ٹن
۲۸-	بیلہ	۸۹۶ میٹرک ٹن	۸۹۶ میٹرک ٹن
۲۹-	اتھل	۴۶۶ میٹرک ٹن	۴۶۶ میٹرک ٹن
۳۰-	حب	۶۵۲ میٹرک ٹن	۶۵۲ میٹرک ٹن
۳۱-	خاران	۵۱۹ میٹرک ٹن	۵۱۹ میٹرک ٹن
۳۲-	واشک	۱۳۰ میٹرک ٹن	۱۳۰ میٹرک ٹن
۳۳-	بسیمہ	۱۶۰ میٹرک ٹن	۱۶۰ میٹرک ٹن
۳۴-	لاگشت	۲۰۰ میٹرک ٹن	۲۰۰ میٹرک ٹن
۳۵-	تربت	۱۳۵۵ میٹرک ٹن	۱۳۵۵ میٹرک ٹن
۳۶-	پنجگور	۱۰۰۳ میٹرک ٹن	۱۰۰۳ میٹرک ٹن
۳۷-	پسنی	۳۵۸ میٹرک ٹن	۳۵۸ میٹرک ٹن
۳۸-	گوادر	۴۲۷ میٹرک ٹن	۴۲۷ میٹرک ٹن
۳۹-	جیوانی	۲۴۴ میٹرک ٹن	۲۴۴ میٹرک ٹن
۴۰-	اورماڑہ	۱۲۳ میٹرک ٹن	۱۲۳ میٹرک ٹن
۴۱-	تمر	۴۰۲ میٹرک ٹن	۴۰۲ میٹرک ٹن
۴۲-	مند	۳۵۶ میٹرک ٹن	۳۵۶ میٹرک ٹن
۴۳-	بلیدہ	۳۱۰ میٹرک ٹن	۳۱۰ میٹرک ٹن

☆ ۴۵۱ **مسٹر منشی محمد**-کیا وزیر خوراک ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ گزشتہ دنوں چمن پھاٹک پر مال گاڑی کے حادثہ میں گندم کا کس قدر نقصان ہوا ہے؟ نیز اس گاڑی میں کس قدر گندم منگوائی گئی تھی' تفصیل دی جائے؟

○ **مولانا عبدالباری۔ (وزیر خوراک)۔** وفاقی وزیر خوراک کراچی نے ساٹھ (۶۰) ویگن گندم کراچی سے روانہ کئے تھے جن میں تین ہزار آٹھ سو بیس (۳۸۲۰) بوریاں بھجوائی گئی تھیں چمن پھاٹک پر ۱۳ ستمبر ۱۹۹۱ء صبح ساڑھے تین بجے کے قریب یہ ٹرین حادثہ کا شکار ہوگئی۔ کئی روز تک گندم اکٹھی کی جاتی رہی اور آخر میں محکمے کو دوہزار پانچ سو دس (۲۵۱۰) بوری گندم وصول ہوئی اور یوں محکمہ خوراک کو ایک ہزار تین سو دس (۱۳۱۰) بوری کم ملیں نقصان کے ازالے کے لئے ریلوے کے متعلقہ افسران سے رابطہ قائم ہے۔

○ **جناب اسپیکر۔** جی یہ سوال بھی لمبا ہے وقت کے احترام کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کو پڑھا ہوا تصور کریں۔

○ **مسٹرارجن داس بگٹی۔** سوال نمبر۴۵۱ میرے خیال میں حضرت صاحب نے اچھی تیاری کی ہے جواب دینے کی۔

○ **وزیر خوراک۔** ہم تو ہروقت تیار ہیں۔

مسٹرارجن داس بگٹی۔ تو اس میں ایک ضمنی سوال ہے سوال نمبر۴۵۱ میں جناب آپ فرماتے ہیں کہ ۱۳۱۰ بوریاں غلہ گندم کی آپ کو اس حادثے کے بعد کم ملی گورنمنٹ آف بلوچستان کو تیرا سو دس جناب ایک ہزار تین سو دس بوریوں کی قیمت کتنی ہوتی ہیں۔

○ **وزیر خوراک۔** جو اصل قیمت تھی تین ہزار ۳۰۰۰ بوریوں کی وہ تین لاکھ سترا ہزار ۳۱۷۰۰۰ تھی اور ایک ہزار کی جو قیمت ہے ایک لاکھ پچیس ہزار ۱۲۵۰۰۰۔

○ **مسٹرارجن داس بگٹی۔** ۱۳۱۰ کی قیمت ایک لاکھ پچیس ہزار نہیں مولانا صاحب۔

○ **وزیر خوراک۔** ایک لاکھ کا سرٹیفیکٹ پڑا ہوا ہے میرے پاس۔

○ **مسٹرارجن داس بگٹی۔** دس پندرہ لاکھ سے بھی اوپر بنتی ہے قیمت ایک لاکھ میں ایک ہزار بوریاں۔

○ **وزیر خوراک۔** ۱۳۱۰ بوری وہاں کم ملی ہیں اس کا جو نقصان ہے ہم نے وہاں اندازہ لگایا ہے تقریباً ایک لاکھ پچیس ہزار بنتی ہے قیمت ان کی۔

نمبر شمار	نام مرکز خوراک	مقدار گندم از راشنگ	مقدار حد بعد از راشنگ
۱۔	کوئٹہ	۶۸۶۳ میٹرک ٹن	۱۸۵۷۴ میٹرک ٹن
۲۔	پشین	۱۸۰۵ میٹرک ٹن	۱۴۰۶ میٹرک ٹن
۳۔	چمن	۱۴۰۶ میٹرک ٹن	۲۲۳۹ میٹرک ٹن
۴۔	ژوب	۱۲۹۷ میٹرک ٹن	۲۷۹۷ میٹرک ٹن
۵۔	مسلم باغ	۳۹۳ میٹرک ٹن	۳۹۳ میٹرک ٹن
۶۔	لورالائی	۱۰۱۰ میٹرک ٹن	۲۲۶۰ میٹرک ٹن
۷۔	دکی	۱۸۰ میٹرک ٹن	۱۸۰ میٹرک ٹن
۸۔	بارکھان	۱۴۴ میٹرک ٹن	۱۴۳ میٹرک ٹن
۹۔	موسیٰ خیل	۱۳۰ میٹرک ٹن	۱۴۰ میٹرک ٹن
۱۰۔	نوشکی	۳۳۵ میٹرک ٹن	۳۳۵ میٹرک ٹن

○ **مسٹرارجن داس بگٹی**۔جناب آپ پھر سوچیں یا تو پھر ہم سمجھ نہیں رہے۔

○ **وزیر خوراک**۔ایک لاکھ تین ہزار دس بوری ہیں۔

○ **مسٹرارجن داس بگٹی**۔یہ بوری نہیں بوریاں ہیں جناب۔

○ **وزیر خوراک**۔بوریاں جمع ہیں اور بوری منفرد ہے۔

○ **جناب اسپیکر**۔آپ کیا سوال پوچھنا چاہتے ہیں۔

○ **مسٹرارجن داس بگٹی**۔میں یہ گزارش کررہا ہوں جناب اسپیکر صاحب ایک لاکھ تین سو دس بوریاں جو ریلوے ڈیپارٹمنٹ نے گورنمنٹ آف بلوچستان کو کم دی ہیں اس نقصان کا ازالہ دیکھئے جناب لاکھوں روپے اس کی قیمت بنتی ہے کوئی لاکھوں روپے۔ (مداخلت)

○ **جناب اسپیکر**۔مولانا صاحب آپ اس کا سوال سنیں پھر جواب دیں۔

مسٹرارجن داس بگٹی۔عالی جاہ میری گزارش یہ ہے کہ اس وقت ہمارے بلوچستان کے ایسے بھائی اور بچے ہیں جن کو جناب۔

○ **جناب اسپیکر**۔آپ سوال کیا کرنا چاہتے ہیں۔؟

○ **مسٹرارجن داس بگٹی**۔جناب اسپیکر صاحب میں یہ گزارش کررہا ہوں کہ یہ نقصان ہوا ہے اس نقصان کے ازالے کے لئے ریلوے کے متعلقہ افسران سے رابطہ قائم ہے تو یہ رابطہ فیل ہوگا کیا نتیجہ اس کا نکلے گا ہمارے بلوچستان کے اس وقت ہمارے بیٹوں بھائیوں اور بچوں کی اس وقت ان کی دولت ہے یہ لاکھوں روپے کی دولت ہے اور ریلوے ڈیپارٹمنٹ اسی طرح ایک ہی نکتے سے ختم کردے۔

○ **جناب اسپیکر**۔جی مولانا صاحب۔

○ **وزیر خوراک**۔جناب اسپیکر صاحب اگر اجازت ہو اسی رات اور اسی دنوں میں ہم لوگوں نے رابطہ کیا ریلوے ڈیپارٹمنٹ سے اصل یہ ذمہ داری ریلوے ڈیپارٹمنٹ کی ہے اور ہمارا نمائندہ بھی گیا تھا ڈی ایف سی اور وہاں ریلوے کا جو نمائندہ ہے وہ بھی گیا تھا یہ سرٹیفکیٹ دیا ہے اور دونوں نے اس پر دستخط کئے ہیں اور

ریلوے والوں نے ہم سے کہا ہے کہ یہ قیمت ہم آپ کو دے گے۔

○ **مسٹر ارجن داس بگٹی**۔اس چیز کی یقین دھانی تو ریلوے ڈیپارٹمنٹ سے آپ نے وصول کیا ہے۔

○ **وزیر خوراک**۔ہمیں تو یقین دھانی دی ہے اگر آپ یقین دھانی قبول کرلیں۔

○ **مسٹر ارجن داس بگٹی**۔کیا چیز۔؟

○ **وزیر خوراک**۔ہم مطمئین ہیں۔

○ **مسٹر ارجن داس بگٹی**۔ہم تو یہ گزارش کرتے ہیں مطمئین تو تب ہوں گے جب بلوچستان کے ہمارے بھائیوں اور عوام کا پیسہ ہے اور اس طرح جو ہے۔

○ **وزیر خوراک**۔عوام کو ملیں گے انشاء اللہ۔

○ **مسٹر ارجن داس بگٹی**۔ملیں گے نہ۔

○ **وزیر خوراک**۔ہاں۔

○ **مسٹر ارجن داس بگٹی**۔شکر ہے خدا کرے کہ مل جائیں۔

(رخصت کی درخواستیں)

○ **جناب اسپیکر**۔سکریٹری صاحب چھٹی کی درخواستیں پڑھیں اگر ہوں۔

○ **سکریٹری اسمبلی۔ (محمد حسن شاہ)**۔میر عبدالکریم صاحب نے اطلاع دی ہے کہ نجی کام کے سلسلے میں کوئٹہ سے باہر ہیں آج کے اجلاس میں شرکت نہیں کرسکتے لہٰذا آج کی اجلاس سے رخصت کی درخواست کی ہے۔

○ **جناب اسپیکر**۔سوال یہ ہے کہ آیا رخصت منظور کی جائے۔

(رخصت منظور کی گئی)

○ **سکریٹری اسمبلی**۔جناب سردار صالح محمد بھوتانی وزیر محکمہ صنعت نے اطلاع دی ہے کہ ذاتی کام کے

سلسلے میں کراچی گئے ہوئے ہیں لہٰذا آج کے اجلاس سے رخصت کی درخواست کی ہے۔

○ **جناب اسپیکر۔** سوال یہ ہے کہ آیا رخصت منظور کی گئی۔

○ سیکریٹری اسمبلی۔ جناب حاجی نور محمد صراف وزیر کیو ڈی اے نے اطلاع دی ہے کہ وہ آج کے اسمبلی اجلاس میں شرکت نہیں کرسکتے ان کے حق میں آج کی رخصت منظور کی جائے۔

جناب اسپیکر۔سوال یہ ہے کہ آیا رخصت منظور کی جائے۔

(رخصت منظور کی گئی)

○ **سکریٹری اسمبلی**۔جناب نواب محمد اکبرخان بگٹی نے اطلاع دی ہے کہ ضروری مصروفیت کی وجہ سے آج کے اجلاس میں شرکت نہیں کرسکتے لہٰذا رخصت کی درخواست کی ہے۔

○ **جناب اسپیکر**۔سوال یہ کہ آیا رخصت منظور کی جائے۔

(رخصت منظور کی گئی)

○ **سکریٹری اسمبلی**۔جناب ملک کرم خان تجک نے اطلاع دی ہے کہ وہ ضروری کام کی وجہ سے آج کے اجلاس میں شرکت نہیں کرسکتے انہوں نے رخصت کی درخواست کی ہے۔

○ **جناب اسپیکر**۔سوال یہ کہ آیا رخصت منظور کی جائے۔

(رخصت منظور کی گئی)

○ **سکریٹری اسمبلی**۔میر عبدالمجید بزنجو ڈپٹی اسپیکر نے اطلاع دی ہے کہ ان کی طبیعت ناساز ہے جس کی وجہ سے آج کے اجلاس میں شرکت نہیں کرسکتے انہوں نے آج کی رخصت کی درخواست کی ہے۔

○ **جناب اسپیکر**۔سوال یہ ہے کہ آیا رخصت منظور کی جائے۔

(رخصت منظور کی گئی)

○ **سکریٹری اسمبلی**۔جناب شہزادہ علی اکبر وزیر جنگلات نے اطلاع دی ہے کہ علالت کی وجہ سے آج کے اجلاس میں شرکت کرنے سے قاصر ہے لہٰذا ایک دن کی رخصت درخواست کی ہے۔

○ **جناب اسپیکر**۔سوال یہ کہ آیا رخصت منظور کی جائے۔

(رخصت منظور کی گئی)

○ **میر ہمایوں خان مری**۔ویسے انفارمیشن کے لئے یہ منیسٹر فار انڈسٹری ہماری شہزادہ صاحب ہیں۔ خیریت سے ہیں کیونکہ کافی عرصی سے دیکھنے میں نہیں آتے ہیں یہ پوچھنا چاہتے ہیں صرف کہ کہاں پر ہیں خیریت ہے ہسپتال میں ہیں کہاں پر ہیں ہم تشویش میں ہیں ان کے بارے میں کافی دنوں سے ہم نے انہیں نہیں دیکھا ہے۔

○ **میر جان محمد جمالی** - (وزیر ایس اینڈ جی اے ڈی)۔جناب اسپیکر میر ہمایوں مری کے جو ہیں اظہار جو انہوں نے کیا ہے ان کو مطلع کیا جائے سارے ایوان کو بتایا جائے تو بہتر ہے۔

○ **میر ہمایوں خان مری**۔میں اس چیز میں سریس (serias) ہوں جی۔

○ **جناب اسپیکر**۔جی۔

○ **میر ہمایوں خان مری**۔خریت سے ہیں اتنا پوچھنا چاہتا ہوں ان کا آپ سوال جواب دیں گے بس اتنا پوچھنا چاہتا ہوں۔

سرکاری کارروائی برائے قانون سازی

○ **جناب اسپیکر**۔وزیر محکمہ ملازمت ہائے نظم و نسق عموی مسودہ قانون نمبر پیش کریں۔

○ **وزیر ملازمت ہائے نظم و نسق عمومی**۔جناب اسپیکر۔ آپ کی اجازت سے میں بلوچستان وزیر اعلیٰ اور صوبائی وزراء کی (مشاہرات و مواجبات اور استحقاقات) کا (ترمیمی) مسودہ قانون ۱۹۹۱ء مسودہ قانون نمبر ۴ مصدرہ ۱۹۹۱ء ایوان میں پیش کرتا ہوں۔

○ **جناب اسپیکر**۔مسودہ قانون نمبر ۴ پیش ہوا۔

○ **عبدالحمید خان اچکزئی**۔جناب اسپیکر صاحب پوائنٹ آف آرڈر میں وزیر موصوف سے یہ پوچھوں گا کہ ان کو اپنے بل اور تنخوائیں وغیرہ کی تو بہت فکر ہی یہ اسمبلی کے ممبرز جو وزیر لوگ نہیں ہیں ان کو اپنے اخراجات میں کمی ہے س سلسلے میں اس کے متعلق وزیر صاحب کیوں نہیں سوچتے ہیں اس کو کیوں اس ایوان میں نہیں لے آتے ہیں۔

○ **وزیر ملازمت ہائے نظم و نسق**۔جناب اسپیکر آپ کی اجازت سے اپنی ایم پی اے کا پے سرلیز اینڈ الاونسیز' Pay salaries and allowanes کا بل اسی معزز ایوان میں بارہ ۱۲ مارچ کو پیش کیا گیا ہے۔

سروسز اینڈ جنرل منسٹریشن ---------------- کی جو کمیٹی ہے اس کی بہت سی میٹنگیں بلائی گئی ہیں اگر کہیں تو میں تاریخیں بتادوں ۵ ستمبر' ۱۲ ستمبر' ۲۱ ستمبر' ۱۳ اکتوبر پانچ میٹنگیں ہوچکی ہیں نہ کورم پورا ہوتا ہے نہ پورے ممبر آتے ہین سر Sir ابھی جو آپ نے میٹنگ اسمبلی میں بلائی ہے ۲۷ اکتوبر کو میری ان سے گزارش ہی کہ جلد سے جلد یہ ......

○ **جناب اسپیکر**۔اس ماہ کی ۲۷ کو۔

○ **وزیر ملازمت ہائے نظم و نسق عمومی**۔جی اس ماہ کی ۲۷ کو۔

○ **ڈاکٹر کلیم اللہ**۔(پوائنٹ آف آرڈر)

○ **جناب اسپیکر**۔جی۔

○ **ڈاکٹر کلیم اللہ خان**۔جناب والا۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ جس کمیٹی کے لئے باقی لوگ چنے گئے ہیں یا ان ممبران کے لئے اس میں بھی وزراء صاحبان ہیں وزراء صاحبان اپنی کمیٹی کے لئے تو سب حاضر ہوتے ہیں لیکن جب باقی غرباء اہل حدیث کی باری آجاتی ہے وہ کبھی نہیں آتے ہیں یہ پانچویں مرتبہ ہے کہ آج تک نہ کوئی اٹینڈ کیا ہے اور نہ آیا ہے اور نہ اس کے بعد آئے گا اگر یہ مسئلہ ہے تو ہم ان بل کی مخالفت اس لئے کرتے ہیں کہ یا تو اپنا کام کرتے ہیں پھر دوسروں کے لئے بھی حاضر ہوجائیں مہربانی۔

○ **میر ہمایوں خان مری**۔ویسے ڈاکٹر صاحب نے جو کچھ کہا ہے میں اس بارے میں اتفاق کرتا ہوں مجھے اتفاق رائے ہے تین چار میٹنگوں میں پبلک اکاؤنٹس کمیٹی ہم نے یہ بھی کوشش کی تھی کہ بھائی ہم اپوزیشن والے کو آپ دیں تاکہ ہم بھی چیک بیلنس کریں ماشااللہ لیتے بھی آپ لوگ خود ہیں چیک اور بیلنس بھی خود کرتے ہیں تو اس وقت جو ہے کبھی وہ دورے پر ہے کبھی یہ دورے پر ہے کبھی یہ نہیں آتا ہے اور ویسے ہمارے ینگ منیسٹرلاء (young mnister law) بھی اٹھنے والے ہیں کبھی کبھی وہ بھی نہیں آتے ہیں کبھی مولانا صاحب نہیں آتے ہیں وہ نہیں آتے ہیں درمیان میں اس چیز کو برابز نہیں کرتے ہیں تو ویسے بھی ڈاکٹر صاحب

نے یہ صحیح کہا کہ بھائی یہ چیزیں ہیں خان صاحب نے بھی یہی کہا کہ آپ لوگ سب کچھ اپنے لئے کر رہے ہیں کرنے کے لئے تو آپ نے کافی پہلے بھی کیا ہے ماشاءاللہ آپ سب کے رنگ روپ دیکھ لیں سرخ ہیں موٹے اچھے تازے ہو رہے ہیں رنگ برابر ہیں وہاں پر دوسروں کے لئے بھی آپ لوگ (مداخلت)

○ **سعید احمد ہاشمی-** (وزیر قانون)-جناب اسپیکر میرا خیال ہے کہ اگر آپ (intercne) کریں اور ممبر صاحبان کو کہیں کہ کمیٹی میں پہنچ جائیں وہ معاملہ بھی اس سیشن میں پیش ہو سکتا ہے-

○ **جناب اسپیکر**-میں تو یہی کہوں گا کہ ۲۷ کے لئے جو تاریخ ہے اس تاریخ پر وہ سب موجود ہوں تو اسی سیشن میں فیصلہ ہو سکے گا-

○ **میر ہمایوں خان مری-** جناب اسپیکر یہاں پر جو ہی ٹریجری بینچز (Benches Treenry) والوں کو جو اپنے مفادات دیکھتے ہیں جب وہ پہنچتے ہیں اس کے بعد دیکھتے ہیں اپوزیشن وہاں پر کوئی آرڈر آرہے ہیں وہاں پر کوئی دورے پر ہیں وہ کچھ ہیں پر ۔ یکنکی ہمیں اس ایک سال کا علم ہوا ہے-

○ **جناب اسپیکر**-وزیر ایس اینڈ جی ڈی اگلی تحریک مسودہ قانون نمبر ۴ کی بابت اگلی تحریک پیش کریں-

○ **وزیر ملازمت ہائے نظم و نسق**-میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں- (مداخلت)

○ **مسٹر ارجن داس بگٹی**-پوائنٹ آف آرڈر جناب اسپیکر صاحب بڑے ادب اور احترام سے کہیں گے وزیر ایس اینڈ جی ڈی صاحب سی کہ متقضیات کا مطلب سمجھ میں نہیں آرہا ہے اس کی ذرا وضاحت کریں-؟

○ **وزیر ملازمت ہائے نظم و نسق**-میں بالکل جناب اسپیکر یہی ریسپیکٹ کر رہا تھا میں آپ کے نوٹس میں لانا چاہتا تھا وہ مولانا باری سے یہ بھی پوچھنے لگے تھے کہ ایک من میں کتنے دانے آتے ہیں لیکن اس کا مطلب ہے (reqairement) جناب اسپیکر آپ کی اجازت سے میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ بلوچستان وزیر اعلیٰ اور صوبائی وزراء کے (مشاہرات- مواجبات اور استحقاقات) کے (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ ۱۹۹۱ء کو بلوچستان صوبائی اسمبلی کے قواعد و ضوابط کار مجریہ ۱۹۷۴ء کے قاعدہ نمبر ۸۴ کے متقضیات سے مستثنیٰ قرار دیا جائے-

○ **جناب اسپیکر**- تحریک یہ ہے کہ بلوچستان وزیر اعلیٰ اور صوبائی وزراء کے (مشاہرات- مواجبات اور

استحقاقات) کے (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ ۱۹۹۱ء کو بلوچستان صوبائی اسمبلی کے قواعد و ضوابط کار مجریہ ۱۹۷۴ء کے قاعدہ نمبر ۸۴ کی متقضیات سے مستثنٰی قرار دیا جائے۔

(تحریک منظور کی گئی)

○ **جناب اسپیکر**۔وزیر زکواۃ و سماجی بہبود صوبائی زکواۃ فنڈ کی آڈٹ رپورٹ بابت سال ۱۴۰۸ ہجری پیش کریں۔

○ **وزیر زکواۃ و سماجی بہبود**

(حاجی محمد شاہ مردان زئی)۔جناب اسپیکر آپ کی اجازت میں صوبائی زکواۃ فنڈ کی آڈٹ رپورٹ بابت سال ۹۔ ۱۴۰۸ ہجری ایوان میں پیش کرتا ہوں۔

○ **جناب اسپیکر**۔صوبائی زکواۃ فنڈ کی آڈٹ رپورٹ بابت سال ۹۔ ۱۴۰۸ھ پیش ہوئی۔

○ **میر ہمایوں خان مری**۔جی وزیر خزانہ صاحب اس کی تائید نہیں کررہے ہیں پھر وہ کس طرح ہوگا آپ ان سے پوچھیں تائید کررہے ہیں۔

○ **جناب اسپیکر**۔ اب اسمبلی کی کاروائی ۲۶ اکتوبر ۱۹۹۱ء بوقت ساڑھے دس بجے تک کے لئے ملتوی کی جاتی ہے۔

(اسمبلی کا اجلاس دوپہر گیارہ بجکر پچیس منٹ
پر مورخہ ۲۶ اکتوبر ۱۹۹۱ء (بروز شنبہ) صبح
ساڑھے دس بجے تک کے لئے ملتوی ہوگیا)